28اپریل2022ء

ہفتہ 30اپریل2022ء کو تمام بینک اوران کی برانچیں کھلی رہیں گی

یہ واضح کیا جاتا ہے کہ بی پی آرڈی سرکلر لیٹر نمبر 11 بتاریخ 13 اپریل2022ء میں درج بینک دولت پاکستان کی ہدایات کے مطابق ہفتہ 30 اپریل2022ء کو تمام بینک اوران کی برانچیں کھلی رہیں گی۔

عید الفطر کے موقعے پر 2 سے 5 مئی 2022ء تک حکومت پاکستان کی اعلان کردہ تعطیلات کے پیش نظر عوام الناس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنی بینکاری ٹرانزیکشنز 30 اپریل2022ء کو انجام دے لیں۔ مزید برآں بینکوں کو بھی ہدایات کی جاتی ہے کہ وہ عید کی تعطیلات کے دوران روزانہ چوبیس گھنٹے متبادل ڈلیوری چینلز جیسے اے ٹی ایم موبائل بینکاری اور انٹرنیٹ بینکاری وغیرہ کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

***